Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

10فروری2014

برائے رابطہ: اینڈریو آرمسٹرانگ، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

امریکی قونصل خانے میں قومی دن کی تقریب کاانعقاد

کراچی۔ کراچی میں متعین امریکی قونصل جنرل مائیکل ڈاڈمین کی رہائش گاہ پرامریکی قومی دن کی تقریب کاانعقاد کیا گیاجس میں پاکستان کیلیے امریکہ کے سفیر رچرڈاولسن اور گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے شرکت کی۔ تقریب میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی ایک بڑی تعداد نے بھی شرکت کی۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے امریکی سفیر رچرڈاولسن کا کہناتھا کہ 'آج کی تقریب کے انعقاد کامقصدامریکہ کایوم آزادی منانے کے ساتھ ساتھ60سال سے زائد عرصے پر محیط پاک امریکہ تعلقات کوخراج تحسین پیش کرناہے۔' رچرڈاولسن کامزید کہناتھا کہ 'امریکہ پاکستانی حکومت کے ساتھ مل کرپاکستانی عوام کی فلاح وبہبود کیلیے کام کرتارہے گاجس کے ذریعے پاکستان خطے اوردنیابھرمیں ایک مظبوط ملک بن کرابھرے گا۔'

دنیابھرمیں امریکی سفارت خانے قومی دن کی تقریبات کاانعقاد کرتے ہیں جو4جولائی کومنایاجاتاہے۔ پاکستان میں امریکی قومی دن کی تقریب کاانعقادامریکی صدارتی تعطیل کی مناسبت سے فروری کے مہینے میں کیاجاتاہے۔

####